**Shabbir / Tanveer**

**31-08-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1- وزیراعظم نریندر مودی کرغزستان کے دو دن کے دورے پر Bishkek پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے اور کئی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔

2- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ مالی سال 2026-27 کے دوران بھارت کی اقتصادی شرح ترقی سات فیصد یا اِس سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔

3- نیپال میں اچانک سیلاب سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد 794 تک پہنچ گئی ہے، جبکہ ڈھائی ہزار سے زیادہ لوگ اب بھی لاپتہ ہیں۔

4- امریکی فورسز نے آبنائے ہرمز میں Larak جزیرے پر ایران کے راکٹ لانچرس پر حملہ کیا ہے جبکہ ایران نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے مغربی ایشیا میں امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا۔

5- اور : خواتین کرکٹ میں بھارت نے دبئی میں ٹی۔ٹوئنٹی ایشیا کپ کے اپنے پہلے میچ میں تھائی لینڈ کو 94 رن سے ہرا دیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Kyrgyzstan

وزیراعظم نریندر مودی کرغزستان کے دو دن کے دورے پر Bishkek پہنچ گئے ہیں۔ وزیروں کی کابینہ کے چیئرمین قاسم علییف عادل بیک Aleshovich نے ہوائی اڈے پر جناب مودی کا استقبال کیا۔ وزیراعظم کے خیر مقدم کیلئے روایتی کرغز رقص کا بھی اہتمام کیا گیا۔

Welcome - Song

جناب مودی شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی 26ویں سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کرغزستان کے صدر Sadyr Zhaparov کی دعوت پر وہاں گئے ہیں۔

اپنے دورے کے پہلے دن وزیراعظم سربراہ کانفرنس کے موقع پر SCO رہنماؤں کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ جناب مودی کئی دیگر پروگراموں میں بھی شرکت کریں گے اور کل SCO سربراہ کانفرنس سے خطاب کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Vikalp Shukla

جناب مودی آج بشکیک میں Friends of India کے ساتھ گفتگو کریں گے۔ اِس کے بعد وہ مہاتما گاندھی میموریل پارک جائیں گے اور مہاتما گاندھی کے مجسے پر عقیدت کے پھول نذر کریں گے۔ سال 2015 میں کرغزستان کے اپنے دورے کے موقع پر وزیراعظم نے اِس مجسے کی نقاب کشائی کی تھی۔ جناب مودی آج شنگھائی تعاون تنظیم کے ممبر ملکوں کے کئی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ بات چیت بھی کریں گے۔ اِن میں روس کے صدر کے ساتھ باہمی بات چیت کے ساتھ ساتھ آرمینیا، کرغزستان اور ایران کے صدور کے ساتھ میٹنگیں بھی شامل ہیں۔ جناب مودی آج چھٹے ورلڈ Namod Games کی افتتاحی تقریب میں بھی شرکت کریں گے۔ جناب مودی کل شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی 26ویں سربراہ میٹنگ سے خطاب کریں گے۔

بشکیک سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .....

PM Uzbekistan Outcome

وزیراعظم نریندر مودی نے تاشقند کا اپنا دو روزہ سرکاری دورہ کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا۔ اُنہوں نے کل دوطرفہ تعلقات میں مزید گہرائی لانے کیلئے صدر شوکت مرزی یویف سے بات چیت کی۔

دونوں رہنماؤں نے بھارت-اُزبیکستان تعلقات کو ایک جامع دفاعی شراکت داری تک لے جانے سے اتفاق کیا۔

پیش ہے ہمارے نامہ نگار کی ایک رپورٹ

VC- Sushil Tiwari

اِس دورے میں گیارہ معاہدوں پر دستخط کئے گئے، جن کا تعلق اہم معدنیات اور یورینیم سے لے کر تجارت، دفاع، ڈیجیٹل وسیلے سے روپے پیسے کے لین دین اور تعلیم نیز ہندی اور سنسکرت سے لے کر کھیل کود اور ورثے کے تحفظ سے ہے۔ اِس دو روزہ دورے سے بھارت-اُزبیکستان تعلقات کو ایک وسیع اور جامع فریم ورک ملا ہے۔ امید ہے کہ جامع دفاعی شراکت داری اور پانچ ارب ڈالر کے تجارتی نشانے، طویل مدتی توانائی تعاون اور ریاست اور شہر کی سطح پر مزید سرگرمیوں کی وجہ سے اُزبیکستان اور وسط ایشیائی خطے کے ساتھ بھارت کی سرگرمیوں کو ایک نئی رفتار حاصل ہوگی۔ اِس دورے کی ایک اہم بات یہ بھی رہی کہ صدر شوکت مرزی یویف نے وزیراعظم نریندرمودی کو اپنے ملک کے اعلیٰ ترین سرکاری اعزاز ''آرڈر آف Oliy Darajali Do'stlik'' سے نوازا۔

اِس ایوارڈ کے تحت بھارت-اُزبیکستان تعلقات اور تعاون کو مستحکم بنانے میں جناب مودی کے تعاون کا اعتراف کیا گیا ہے۔

تاشقند سے سشیل چند تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

Sitharaman

وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ مالی سال 2026-27 کے دوران بھارت کی اقتصادی شرح ترقی سات فیصد یا اِس سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ امریکہ کے اپنے دورے میں شکاگو میں بھارتی برادری کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ امریکہ اور ایران کی لڑائی نیز آبنائے ہرمز کو بند کیے جانے کے تناظر میں جغرافیائی اور سیاسی غیر یقینی کی کیفیت اور سپلائی نظام میں رکاوٹوں کے باوجود امید ہے کہ بھارت اپنی ترقی کی رفتار برقرار رکھے گا۔

محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ مغربی ایشیا محاذ آرائی کی وجہ سے آبنائے ہرمز میں خلل پڑنے سے شروع میں بھارت کیلئے خام تیل، پیٹرولیم اشیا اور کیمیاوی کھاد جیسی اہم اشیا کی سپلائی پر اثر پڑا تھا لیکن ملک اِن اشیا کو دوسرے راستوں سے لانے کا بندوبست کرنے میں کامیاب رہا۔x

Prez NIFT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج نئی دِلی میں نیشنل اِنسٹی ٹیوٹ آف فیشن ٹیکنالوجی NIFT کی سالانہ تقسیم اسناد کے جلسے سے خطاب کریں گی۔ وہ اِس موقع پر ملک بھر کے اٹھارہ NIFT کیمپسز کے گریجویشن کے طلبا کو ڈگریز عطا کریں گی۔

کپڑے کی صنعتوں کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ اور کپڑے کی صنعتوں کی وزارت کی سکریٹری نیلم شامی راؤ بھی اِس موقع پر موجود ہوں گی۔ اِس تقریب میں دیگر ممتاز شخصیتیں، بورڈ آف گورنرز کے ارکان، سینئر افسران، اساتذہ، دانشور حضرات اور طلبا شرکت کریں گے۔x

Nepal Flood

نیپال میں اچانک تباہ کُن سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد 794 تک جا پہنچی ہے اور ڈھائی ہزار سے زیادہ افراد لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ تبت میں 16 افراد ہلاک اور 546 لاپتہ ہیں۔

بھارت اور چین سمیت بچاؤ ٹیمیں، پَن بجلی پروجیکٹوں کی سرنگوں میں پھنسے ہوئے سیکڑوں لوگوں کو نکالنے کی کوشش کررہی ہیں۔ اِن پروجیکٹوں میں Trishuli-3A بھی شامل ہے۔

لاپتہ لوگوں کے بارے میں خیال ہے کہ یہ لوگ پَن بجلی پروجیکٹ کارکن ہیں۔
سبھی آٹھ متاثرہ ضلعوں سے لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں، جیسا کہ بچاؤ کارکن اب بھی باقیماندہ لوگوں کی تلاش کررہے ہیں۔
اِسی دوران Trishuli دریا میں تازہ سیلاب سے گورکھا ضلع میں جھولنے والا پُل بہہ گیا ہے، جس کی وجہ سے پرتھوی شاہراہ کے مکیں الگ تھلگ ہوکر رہ گئے ہیں۔×

Bihar Flood

نیپال میں شدید سیلاب آنے اور نشیبی علاقوں میں موسلا دھار بارش کے تناظر میں بہار میں گنڈک اور کوسی دریاؤں میں پانی کی سطح میں اضافہ ہوگیا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Savita Pareek

دریا کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے کے لئے والمیکی نگر بیراج کے سبھی 36 پھاٹک اور کوسی بیراج کے 20 پھاٹک کھول دیے گئے ہیں۔ البتہ پچھلے 24 گھنٹوں میں ان دونوں دریاؤں میں پانی کی سطح اور ان سے چھوڑے جانے والے پانی کی مقدار کم ہوگئی ہے۔
اِدھر سوشل میڈیا پر سرکولیٹ ہونے والی گمراہ کُن اطلاعات کے تناظر میں Supaul ضلع انتظامیہ نے یہ وضاحت کی ہے کہ کوسی دریا میں پانی معمول کی رفتار سے چڑھ رہا ہے اور کوسی بیراج پوری طرح محفوظ ہے۔ صورتحال پر لگاتار نظر رکھی جا رہی ہے۔
پانی کی سطح میں اور اضافہ ہونے کے امکان کے مدِّنظر مغربی چمپارن، مشرقی چمپارن، سارَن اور گوپال گنج ضلعوں کی انتظامیہ سخت چوکسی برت رہی ہیں۔
پٹنہ سے Savita Pareek کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

Odisha Flood

شمال مغربی خلیجِ بنگال کے اوپر موسم کی تبدیلی کے زیرِ اثر اوڈیشہ میں آج بھی شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے Bargarh میں ریڈ الرٹ جبکہ مغربی اوڈیشہ کے کئی ضلعوں میں اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ یہ بارش ایسے وقت ہو رہی ہے کہ جب کیندرپاڑہ، بھدرک اور جاج پور کے بعض حصے حالیہ سیلاب کے اثر سے پوری طرح باہر بھی نہیں نکل پائے تھے۔ اِس طرح نچلے علاقوں میں پھر سے پانی بھرجانے کے تعلق سے تشویش پیدا ہوگئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C Prakash Dash

اوڈیشہ کو آج پھر موسلادھار بارش کا سامنا ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات نے بہت سی جگہوں پر شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے اور الگ الگ جگہوں پر انتہائی شدید بارش کی بھی پیش گوئی کی ہے۔ آج بار گڑھ کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے، جبکہ سندر گڑھ، جھرسوگڑا، سمبل پور، دیوگڑھ، انگل، کیونجھار، سُبرناپور، نُوا پاڑا، بالن گیر اور کالا ہانڈی کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ محکمے نے خبردار کیا ہے کہ شدید بارش کی وجہ سے مقامی سطح پر نشیبی علاقوں میں سیلاب آسکتا ہے اور پانی بھر سکتا ہے۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے آج اوڈیشہ اور چھتیس گڑھ کے بعض حصوں میں انتہائی شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اُدھر اروناچل پردیش، بہار، مشرقی اترپردیش، جھارکھنڈ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور اتراکھنڈ میں بھی موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے۔ اِس کے علاوہ آسام، میگھالیہ، مشرقی مدھیہ پردیش، ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، لداخ، مغربی بنگال، سکم اور مغربی اترپردیش میں بھی آج اوسط سے لے کر شدید بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔

موسمیات محکمے کے مطابق بہار، کرناٹک، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ، مغربی بنگال کے ہمالیائی ذیلی خطے، سکم اور تلنگانہ میں گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Navy Nipun

بھارتی بحریہ آج ممبئی میں بحری گودی میں 'Nipun' جہاز کو اپنے کام کاج میں شامل کرے گی۔ یہ Nistar درجے کا، دوسرا غوطہ خور امدادی جہاز DSV ہے۔ Nipun کو کام کاج میں شامل کئے جانے سے، بھارت کے بحری مفادات والے خصوصی غوطہ خور اور زیرِآب مشنوں کو جاری رکھنے کی، بھارت کی بحری صلاحیت میں مزید اضافہ ہوگا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Prarthna

Nipun کو ہندوستان شپ یارڈ لمیٹڈ وشاکھاپٹنم نے ملک ہی میں ڈیزائن اور تعمیر کیا ہے۔ یہ بحری جہاز دفاعی جہازوں کی تعمیر میں بھارت کی خودکفالت کے میدان میں ایک اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

Nipun، خصوصی طور پر غوطہ خوری اور زیرآب کارروائیوں کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ یہ جہاز غوطہ خوری کے جدید ترین نظام سے لیس ہے، جس میں سمندر میں زیرآب ہتھیاروں کو تباہ کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔ اِس جہاز میں سمندر میں خصوصی حالات میں غوطہ خوروں کو مدد دینے کی بھی صلاحیت موجود ہے۔ Nipun سے زیرآب بچاؤ کارروائیوں میں مدد دینے کی بھارتی بحریہ کی صلاحیت میں بھی اضافہ ہوگا۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

## US Iran Hormuz

امریکہ نے کل رات آبنائے ہرمز میں Larak جزیرے پر ایران کے فوجی ٹھکانوں پر حملہ کیا۔ امریکی فورسز کے مطابق ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلاب اسلامی کے فوجیوں کو آبنائے ہرمز میں سمندری بارودی سرنگوں کے ساتھ راکٹ داغنے کی تیاری کرتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ اسی کے بعد ایران کے دو راکٹ لانچرس کو نشانہ بنایا گیا۔

ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے نے بتایا ہے کہ اِس حملے میں کئی ایرانی اہلکار اور سویلین ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔

اُدھر ایران نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے اُردن میں امریکہ کے فوجی اڈوں پر بیلسٹک میزائل داغے۔ دونوں طرف کے اِن حملوں سے محاذ آرائی میں پھر سے شدت آگئی ہے۔

اِس سے قبل امریکی فوج نے آبنائے ہرمز سے بارودی سرنگوں کو ہٹانے کی کارروائی مکمل کرلی تھی۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اِس کارروائی کے بعد ایران کو یہ سخت وارننگ جاری کی ہے کہ اِس آبی گزرگاہ میں بارودی سرنگیں بچھانے میں ملوث کسی بھی بحری جہاز یا کشتی کو بلا تاخیر اور منظّم انداز سے تباہ کردیا جائے گا۔x

## Must Announcement for Public Speak

آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ہندی اور انگریزی میں براہ راست نشر ہونے والے اپنے فون اِن پروگرام، پبلک اسپیک میں آج رات ساڑھے نو بجے ''بینکنگ اور قرض کی فراہمی کے ذریعے مالی شمولیت میں اضافے اور شہریوں کو بااختیار بنانے'' کے موضوع پر ایک تفصیلی مذاکرہ نشر کرے گا۔

پروگرام کے دوران سامعین اِس موضوع پر اپنے سوالات اِن ٹیلی فون نمبرس پر پوچھ سکتے ہیں۔

صفر ایک ایک - دو تین، چار دو - ایک صفر ، پانچ صفر

اور

صفر ایک ایک - دو تین، تین ایک، چار چار، چار چار،

اِس کے علاوہ آپ اپنے سوالات
نو دو آٹھ نو - صفر نو چار صفر - چار چار
پر بھی وہاٹس ایپ کرسکتے ہیں، یا ہیش ٹیگ Askair کے ساتھ X پر بھی بھیج سکتے ہیں۔x

## Womens Cricket

خواتین کرکٹ میں بھارت نے ٹی ٹوینٹی ایشیا کپ 2026 میں اپنی مہم کا شاندار آغاز کیا۔ کل رات دبئی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں تھائی لینڈ کو 94 رن سے شکست دی۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے بھارت نے 20 اوورز میں 9 وکٹ پر 159 رن بنائے۔ شفالی ورما 64 رن بنا کر سب سے زیادہ رن بنانے والی کھلاڑی رہیں اور انہیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ اسمرتی مندھانا 19 رن بنانے کے بعد رَن آؤٹ ہوگئیں۔ جواب میں، تھائی لینڈ کی پوری ٹیم 15 اوورز تین گیند میں محض 65 رن پر آؤٹ ہوگئی۔ اس جیت کے ساتھ بھارت نے ٹورنامنٹ میں اپنی مہم کا مضبوط آغاز کیا ہے۔

دبئی میں آج گروپ B کے ایک میچ میں بنگلہ دیش کا مقابلہ انڈونیشیا سے ہوگا اور یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات آٹھ بجے کھیلا جائے گا۔x-

## Sikkim Shooting Championship

سکم نشانے بازوں نے، 13ویں شمال مشرقی زون نشانے بازی چمپئن شپ 2026 میں غیرمعمولی کارکردگی انجام دی ہے۔ یہ چمپئن شپ کل آسام کے شہر گوہاٹی میں اختتام پذیر ہوئی۔

سکم کے لکشمن ادھیکاری نے مردوں کے 10 میٹر ایئرپسٹل ماسٹر مقابلے میں، انفرادی زمرے کے تحت کانسے کا تمغہ حاصل کرکے تاریخ رقم کی۔x

## Hockey World Cup

جرمنی ایک کے بعد ایک FIH مردوں کا ہاکی ورلڈ کپ ٹائٹل جیتنے والی پہلی ٹیم بن گئی ہے۔ جرمنی نے کل شام بیلجیم میں Wavre کے مقام پر کھیلے گئے فائنل میں اسپین کو ایک-صفر سے ہرا دیا۔ جرمنی کے Mihchael Struthoff نے تیسرے کوارٹر میں میچ کا واحد گول کیا۔ جرمنی کا یہ چوتھا ہاکی ورلڈ کپ ٹائٹل ہے۔

اِس سے قبل کانسے کا تمغہ ارجنٹینا کو ملا، جس نے تیسرے مقام کے لئے کھیلے گئے میچ میں نیدرلینڈس کو ایک کے مقابلے دو گول سے ہرا دیا۔

اِدھر FIH خواتین ہاکی ورلڈکپ کا ٹائٹل ارجنٹینا نے جیتا ہے۔ اُس نے پینالٹی شوٹ آؤٹ میں نیدرلینڈس کو ایک کے مقابلے تین گول سے ہرا دیا۔ مقررہ وقت تک دونوں ٹیموں نے ایک ایک گول کیا تھا۔x

Squash

Squash میں بھارت کے ابھے سنگھ نے ملیشیا میں Seremban کے مقام پر Tuanku Muhriz ٹرافی 2026 میں مردوں کا سنگلز ٹائٹل جیت لیا ہے۔ نمبر ایک کھلاڑی ابھے سنگھ نے تیسرے نمبر کے کھلاڑی ہانگ کانگ چین کے Henry Leung کو فائنل میں تین-دو سے ہرا دیا۔ 27 سالہ بھارتی Squash کھلاڑی کا یہ 13واں PSA ٹور ٹائٹل اور اِس سال کا اُن کا دوسرا ٹائٹل ہے۔x

Football AFC U-20 Asian Cup

فٹ بال میں، بھارت کے مردوں کی 20 سال تک کی عمر کی قومی ٹیم آج تاشقند کے Dostlik اسٹیڈیم میں مُلکِ شام کے خلاف چین کے AFC انڈر-20 ایشین کپ 2027 کوالیفائرز مہم کا آغاز کرے گی۔

بھارت کو، گروپ B میں میزبان اُزبیکستان اور بنگلہ دیش کے ساتھ رکھا گیا ہے۔ بھارتی ٹیم کا مقصد 2006 کے بعد پہلی بار AFC انڈر-20 ایشین کپ میں واپسی کرنا ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسلم بیگ

شکریہ۔کلیم احمد

راجدھانی دِلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے اُزبیکستان کے دورے کی تکمیل کی خبریں سرِورق شائع کی ہیں۔ اخبار انقلاب کے مطابق دونوں ملکوں کے درمیان یورینیم کی سپلائی کا معاہدہ۔

وزیرِاعظم مودی کو اُزبیکستان کے اعلیٰ ترین اعزاز سے سرفراز کئے جانے کی خبر بھی آج کے اخبارات میں نمایاں ہے۔ جناب مودی آج شنگھائی تعاون تنظیم میں، روس کے صدر ولادیمیر پوتن سے بات چیت کریں گے۔ امید ہے کہ وہ کرغزستان کی راجدھانی بشکیک میں آج چین کے صدر شی جِن پنگ سے بھی ملاقات کریں گے۔

اخبار انقلاب کے مطابق سیاسی جماعتوں کے نقد عطیات کے معاملے کی سپریم کورٹ میں سماعت آج۔ درخواست میں انکم ٹیکس قانون کی اُس شق کو چیلنج کیا گیا ہے، جس میں سیاسی جماعتوں کو دو ہزار روپے سے کم کے نقد عطیات گمنام طور پر وصول کرنے کی اجازت ہے۔

اِسی اخبار نے ایک خبر یہ بھی خاص طور پر شائع کی ہے کہ دِلی میں SIR کی ڈرافٹ لسٹ آج جاری ہوگی۔ اگر کسی ووٹر یا اُس کے کسی جاننے والا کا نام ڈرافٹ لسٹ میں نہیں ہے تو اُسے دوبارہ ووٹر لسٹ میں شامل کرانے کا موقع دیا جائے گا۔

ایک اہم خبر کے مطابق ُروس کے یوکرین شہر پر حملے جاری، 37 افراد ہلاک۔ مرنے والوں میں بچے بھی شامل؛۔

اِدھر نیپال میں اچانک سیلاب کی وجہ سے مرنے والوں کی تعداد 788 تک جاپہنچی۔ خبروں کے مطابق دو ہزار 500 سے زیادہ لوگ اب بھی لاپتہ۔ بھارت نے نیپال کیلئے 68 اعشاریہ پانچ ٹن امدادی سامان بھیجا اور تلاش وبچاؤ کارروائیوں میں مدد کیلئے تکنیکی ٹیمیں، فورینسک ماہرین اور ضروری اشیاء بھی روانہ کی گئیں۔

اخبارات کے مطابق نائیجیریا میں فوجی بغاوت کی کوشش، ایئرپورٹ اور صدارتی محل پر حملہ۔ نیامے میں کئی گھنٹے فائرنگ اور دھماکے۔ یہ حملہ عبدالرحمٰن تیانی کی حکومت کیلئے تازہ ترین خطرہ ہے، جنہوں نے فوجی بغاوت کے ذریعے اقتدار پر قبضہ کیا تھا۔×

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیراعظم نریندر مودی کرغزستان کے دو دن کے دورے پر Bishkek پہنچ گئے ہیں، جہاں وہ شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے اور کئی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔

2- وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا ہے کہ مالی سال 2026-27 کے دوران بھارت کی اقتصادی شرح ترقی سات فیصد یا اِس سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔

3- نیپال میں اچانک سیلاب سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد 794 تک پہنچ گئی ہے، جبکہ ڈھائی ہزار سے زیادہ لوگ اب بھی لاپتہ ہیں۔

4- امریکی فورسز نے آبنائے ہرمز میں Larak جزیرے پر ایران کے راکٹ لانچرس پر حملہ کیا ہے جبکہ ایران نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے مغربی ایشیا میں امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا۔

5- اور خواتین کرکٹ میں بھارت نے دبئی میں ٹی۔ٹوئنٹی ایشیا کپ کے اپنے پہلے میچ میں تھائی لینڈ کو 94 رن سے ہرا دیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---